# تحریک برائے وصایا

''غور کریں فکر کریں اب تک جو سُستیاں اور کوتاہیاں ہو چکی ہیں۔ان پر استغفار کریں۔آگے بڑھیں اور حضرت مسیح موعود علیہ السلام کی آواز پر لبّیک کہتے ہوئے جلد از جلد اس نظام وصیّت میں شامل ہو جائیں اور اپنے آپ کو بھی بچائیں۔اپنی نسلوں کو بھی بچائیں۔اور اللہ تعالیٰ کے فضلوں سے حصہ پائیں''۔

(خطاب فرمودہ حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز بر موقعہ اختتامی خطاب جلسہ سالانہ برطانیہ 2004ء)

Machen Sie sich Gedanken und Sorgen darüber. Bitten Sie Gott um Vergebung wegen der bislang begangenen Fehler und Nachlässigkeiten. Treten Sie vor und folgen Sie bereitwillig dem Aufruf des Verheißenen Messias (as), indem Sie der Institution des Wasiyyat beitreten. Retten Sie damit sich selbst, retten Sie Ihre Nachkommenschaft und werden Sie zum Teilhaber der Göttlichen Segnung.
(Hadhrat Khalifat-u-Masih V (atba) anläßlich der Abschlußansprache der Jalsa Salana in UK 2004)

حضرت خلیفۃ المسیح الرابع رحمہ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں۔

''اللہ تعالیٰ جب بھی کوئی تحریک جماعت احمدیہ کے کسی خلیفہ کے دل میں ڈالتا ہے تو اس کے متعلق آپ کو پوری طرح مطمئن ہونا چاہیئے، کہ ضرور کوئی الٰہی اشارے ایسے ہیں جو مستقبل کی خوش آئند باتوں کا پتہ دے رہے ہیں اور وہ تحریک جو بظاہر معمولی سی آواز اٹھتی نظر آتی ہے۔ایک عظیم الشان عمارت میں تعمیر ہو جاتی ہے۔جس تحریک میں آپ اس لیے حصہ لیں گے کہ اللہ تعالیٰ کے قائم کردہ مسیح موعود علیہ السلام کے خلیفہ کی تحریک ہے تو اس میں عظیم الشان برکتیں پڑیں گی جو آپ کے تصّور سے بھی بالا ہونگی''۔

(ماہنامہ خالد ربوہ جون 1986ء صفحہ 21)

,,Wann immer ein Khalif de Jama'at von Allah zu einer neuen Initiative inspiriert wird, so können Sie vollkommen beruhigt sein, dass es göttliche Zeichen sind, die erfreuliche Vorboten für die Zukunft sein werden. Und die Initiative, die sich anfangs aus einer scheinbar leisen Stimme bildet, erhebt sich mit der Zeit zu einem imposanten Gebäude. Wenn Sie sich an einer Initiative mit der Motivation beteiligen, dass diese von einem Khalifen des Verheißenen Messias ausging so wird sie Segnungen in einem Ausmaß mit sich bringen, die Ihre Vorstellungskraft gänzlich übersteigen." (Hadhrat Khalifat-ul-Masih IV)

Abteilung Wassaya Deutschland — شعبہ وصایا جرمنی

# چندہ جات کی ماہوار ادائیگی

حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے چندوں کے بقایا جات کی وصولی اور چندوں کے نظام کو بہتر بنانے کے متعلق مجلس شوریٰ میں پیش ہونے والی آرا کے بعد جو ارشاد فرمایا وہ آپ کی خدمت میں بغرض استفادہ پیش ہے۔

**حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے فرمایا!**

''جہاں تک چندوں کے بقایوں کا سوال ہے یہ جماعت کا ایک مزاج بھی ہے کہ اکتوبر تک ہم نے تحریک جدید کا چندہ پورہ کرنا ہے دسمبر تک ہم نے وقف جدید کا چندہ پورہ کرنا ہے اور پھر فروری، مارچ، اپریل میں زیادہ زور دے کر جون میں جماعتی لازمی چندہ جات پورے کرنے ہیں اس مزاج کو ضروری نہیں کہ قائم رکھا جائے۔

جو اچھی روایات ہوتی ہیں ان کو قائم رکھنا بڑا ضروری ہوتا ہے لیکن جو روایات اچھی نہ ہوں ان میں اصلاح کی طرف توجہ دینی چاہیے میں پہلے کہہ چکا ہوں کہ چھ مہینے کا بقایادار ہونا صرف اُن کے لئے ہے جن کی چھ مہینے کے بعد آمد ہوتی ہے۔ باقی لوگوں کو کوشش کرنی چاہیے کہ ہر مہینے جو بھی چندہ انھوں نے ادا کرنا ہے اپنی ماہانہ آمد میں سے فکس کریں اور نکال کے علیحدہ کریں۔ بہت سارے لوگ ایسے ہیں میں ان کو جانتا ہوں کہ جو ہر مہینے کی آمد ہوتی ہے جو بھی انھوں نے مقرر کیا ہوا ہے وہ اس میں سے پہلے ہی نکال کر الگ کر لیتے ہیں۔

جو آمد کا سولہواں حصہ چندہ ہے وہ تو خیر انھوں نے دینا ہی ہے اور اگر موصی ہے تو دسواں حصہ وہ علیحدہ کرتے ہیں۔ تحریک جدید کا جو چندہ اپنے لئے انھوں نے مقرر کیا ہوا ہے اس کا ہر مہینہ بارہواں حصہ نکال لیتے ہیں اسی طرح وقف جدید کا بھی نکال لیتے ہیں۔ جو باقی بچتا ہے وہ کہتے ہیں یہ ہمارے اخراجات کے لئے ہے۔ اس طرح کی سوچ پیدا کرنے کے لئے تربیت کی ضرورت ہے۔ یہ عہدیداروں کا کام ہے کہ وہ کریں اور اس میں خود اپنے نمونے پہلے دکھائیں۔ اگر لوگ اپنے نمونے نہیں دکھائیں گے تو کوئی آپ کی بات نہیں مانے گا۔''

مجلس شوریٰ جرمنی منعقدہ 20 دسمبر 2009ء

( شعبہ وصایا جرمنی )